Irish Banking Culture Board

(IBCB)

# بیسک بینک اکاؤنٹ کے لیے رہنما کتابچہ





## 'بیسک بینک اکاؤنٹ' کیا ہوتا ہے؟

یوروپین یونین کے جملہ باشندگان کو 'بیسک بینک اکاؤنٹ' رکھنے کا حق حاصل ہے خواہ ان کی مالی حالت کچھ بھی ہو یا وہ یوروپین یونین میں کہیں بھی رہتے ہوں۔

'بیسک بینک اکاؤنٹ' ایک کرنٹ اکاؤنٹ ہوتا ہے جس کی رو سے آپ روزمرہ کی ضروری بینکنگ کی خدمات تک رسائی حاصل کر پاتے ہیں اگر آپ کے پاس ہر وقت آئرلینڈ میں کوئی بینک اکاؤنٹ نہیں ہے۔

یہ رہنما کتابچہ ان لوگوں کے لیے ہے جنہیں کسی بیسک بینک اکاؤنٹ کی ضرورت یا خواہش ہو سکتی ہے: یہ وضاحت کرتا ہے کہ:

- کس طرح کسی بینک سے رابطہ کریں
- کس چیز کی توقع کریں
- آپ کے لیے کیا کرنا لازمی ہے۔

IBCB اور ہمارے ممبر بینکس بینکنگ تک رسائی کو فروغ دینا چاہتے ہیں تاکہ ہر شخص مالی خدمات تک رسائی حاصل کر سکے۔

## بیسک بینک اکاؤنٹ میری مدد کس طرح کر سکتا ہے؟



بینک اکاؤنٹس ہر شخص کی اپنی رقوم کا مؤثر اور محفوظ انداز میں نظم کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ بینک اسٹاف یہ معلوم کرنے میں آپ کی مدد کرے گا کہ آپ کی ضرورتوں کے لیے کون سا اکاؤنٹ سب سے اچھا رہے گا۔ بینک اکاؤنٹ ہونے کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ ان مالی مصنوعات اور خدمات تک رسائی حاصل کر سکیں گے جن کی آپ کو ضرورت ہے۔

بیسک بینک اکاؤنٹ کی مدد سے آپ:


- رقم وصول کر سکیں گے (جیسے تنخواہ یا سوشل ویلفیئر بینیفٹس)
- اپنی رقم محفوظ رکھ سکیں گے
- ادائیگیاں کر سکیں گے (بشمول کسی ڈیبٹ کارڈ کے ذریعہ)
- نقدی نکال اور جمع کر سکیں گے
- آن لائن یا موبائل بینکنگ کا استعمال کر سکیں گے۔

پہلے 12 مہینوں تک بیسک بینک اکاؤنٹ کے لیے کوئی مینٹننس یا روز بروز کی فیس نہیں ہے۔ اپنا اکاؤنٹ کھلوانے سے پہلے اپنے بینک سے دیگر فیسوں یا چارجز کے بارے میں دریافت کر لیں۔

آپ کا بینک بتا سکتا ہے کہ 12 ماہ کے بعد کیا ہوگا۔

بیسک بینک اکاؤنٹ میں کسی اوور ڈرافٹ کی سہولت نہیں ہوتی ہے۔

جس بینک سے آپ معاملات کر رہے ہیں اس سے آپ مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔



# میں بیسک بینک اکاؤنٹ کس طرح کھلوا سکتا ہوں؟

کوئی بیسک بینک اکاؤنٹ کھولنے سے متعلق ضابطے موجود ہیں۔ وہ اس بینک کے لحاظ سے مختلف ہو سکتے ہیں جس کا آپ انتخاب کرتے ہیں۔ بینک اسٹاف آپ کو ان کے بارے میں بتا سکتا ہے۔

مندرجہ ذیل ضابطوں کا اطلاق ان تمام لوگوں پر ہوتا ہے جو بیسک بینک اکاؤنٹ کھلوانا چاہتے ہیں۔

- آپ کی عمر لازماً ایک مخصوص عمر سے زیادہ ہونی چاہیے – یہ آپ کے بینک کی شرائط وضوابط میں مذکور ہے۔
- آپ کو لازماً یوروپین یونین کا قانونی باشندہ ہونا چاہیے۔
- آپ کے پاس جمہوریۂ آئرلینڈ میں پہلے سے کوئی دیگر کرنٹ اکاؤنٹ یا پیمنٹ اکاؤنٹ ہرگز نہ ہو۔

اگر آپ کے پاس پہلے سے کوئی اکاؤنٹ ہے لیکن آپ کوئی نیا اکاؤنٹ کھلوانا چاہتے ہیں تو اپنے بینک سے بات کریں۔

**آپ کے لیے اپنی شناخت اور پتہ کا ثبوت دینا ضروری ہے**

قانون بینکوں سے آپ کی شناخت کی تصدیق کرنے اور آپ کے پتے کی تحقیق کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔ یہ تقاضا انسداد منی لانڈرنگ اور دھوکہ دہی کی روک تھام کے قانون میں مذکور ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ بیسک بینک اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے آپ کو لازماً اپنی شناخت اور پتے کے ثبوت کے لیے دستاویزات فراہم کرنے ہوں گے۔

آپ اپنے بینک کو اپنی شناخت، مثال کے طور پر، درج ذیل دستاویزات فراہم کرکے ثابت کر سکتے ہیں:

- پاسپورٹ
- ڈرائیونگ لائسنس

آپ اپنا پتہ، مثال کے طور پر، درج ذیل دکھا کر ثابت کر سکتے ہیں:

- کوئی حالیہ یوٹیلٹی بل (مثلا: کوئی گیس یا بجلی بل)

بینک شناخت یا پتے کے ثبوت کی دوسری شکلیں قبول کر سکتے ہیں۔ یہ بینک کے لحاظ سے مختلف ہو سکتی ہیں۔ یہ دیکھنے کے لیے کہ وہ کیا قبول کر سکتے ہیں ان سے رابطہ کریں یا ان کی ویب سائٹیں دیکھیں۔ بینک یہ سمجھتے ہیں کہ سبھی کے پاس پاسپورٹ یا ڈرائیونگ لائسنس، یا کوئی یوٹیلٹی بل جس پر پتہ مذکور ہو، نہیں ہوتا ہے۔ آپ کا بینک ان شناختی دستاویزات سے کام چلانے کی کوشش کر سکتا ہے جو آپ کے پاس موجود ہیں۔ اگر آپ کے پاس شناخت کی دیگر شکلیں ہیں تو اکاؤنٹ کھلوانے میں تھوڑا زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔

## اپنا اکاؤنٹ کھلوانے کے مختلف طریقے

بینک عام طور پر بیسک بینک اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے مختلف طریقے فراہم کرتے ہیں۔ آپ اپنی مقامی برانچ کا دورہ کر سکتے ہیں یا بینک سے بذریعہ فون رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے پسندیدہ بینک کے موبائل یا آن لائن چینل کے ذریعہ بھی درخواست دینے کے قابل ہو سکتے ہیں۔

## آپ کو ایک درخواست مکمل کرنا ہوگا

آپ کے لیے ایک ایسی درخواست مکمل کرنا ضروری ہے جو کہ بینک کو آپ کے بارے میں کچھ معلومات فراہم کرتی ہو، جس میں شامل ہیں آپ کا:

- نام
- پتہ
- تاریخ پیدائش۔

بینک اسٹاف درخواست کے سلسلے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

### آپ کو مخصوص دستاویزات کی ضرورت ہوگی

آپ کو اپنی دستاویزات بینک تک لانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کو اپنی دستاویزات کے ساتھ بینک کے کسی برانچ یا آفس کا دورہ کرنے کی ضرورت ہو تو عام طور پر آپ کو درخواست مکمل کرنے کے لیے اپائنٹمنٹ کی ضرورت ہوگی۔ بینک سے ان دستاویزات کے بارے میں پیشگی معلوم کر لینا جو لے کر آنا ہے ایک عمدہ خیال ہے۔

### آپ کسی شخص کو اپنے ساتھ لے کر آ سکتے ہیں

آپ اپنی درخواست کے سلسلے میں مدد کے لیے کسی شخص کو اپنے ساتھ لے کر بھی آ سکتے ہیں۔ بینک اس شخص سے کچھ شناختی دستاویزات طلب کر سکتا ہے جیسے کوئی پاسپورٹ یا ڈرائیونگ لائسنس۔

آپ کے ذریعہ درخواست کی تکمیل اور ضروری دستاویزات کی فراہمی کے بعد، بینک آپ کی درخواست پر کارروائیاں کر سکتا ہے۔

## دیگر بینک اکاؤنٹس اور خدمات

بینک آپ کی مالی ضرورتوں میں تعاون کے لیے بہت سارے دیگر اکاؤنٹس فراہم کرتے ہیں۔ ان میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- دوسری طرح کے کرنٹ اکاؤنٹ
- سیونگ اکاؤنٹ
- شخصی قرضے
- رہن
- کریڈٹ کارڈز
- شخصی بیمہ
- مالی منصوبہ بندی کی مصنوعات (مثلاً: پنشن)۔

درج ذیل سہولیات حاصل کرنے سے پہلے آپ کے لیے مخصوص شرائط پوری کرنا لازمی ہے:

- شخصی قرضے
- رہن
- کریڈٹ کارڈز۔

آپ کا پسندیدہ بینک مندرجہ ذیل کے بارے میں آپ کو معلومات فراہم کرے گا:

- بینک کریڈٹ کی لاگت
- شرائط وضوابط
- فیس اور چارجز۔

یہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ آپ اپنی پسند کی مصنوعات کا خرچہ برداشت کر سکتے ہیں۔



## میں کسی بینک سے رابطہ کس طرح کروں؟

| بینک | فون نمبر | ویب سائٹ |
|---|---|---|
| AIB | 0818 227 056 | https://aib.ie/our-products/current-accounts/basic-bank-account |
| بینک آف آئرلینڈ | 0818 354 454 | https://personalbanking.bankofireland.com/bank/current-accounts/basic-bank-account/features-benefits/ |

| بینک | فون نمبر | ویب سائٹ |
| --- | --- | --- |
| EBS | 0818 654 322 | https://www.ebs.ie/daily-banking/ebs-moneymanager-account-and-debit-card |
| پرمانںٹ TSB | 1800 928 939 | https://www.permanenttsb.ie/everyday-banking/current-accounts/basic-payment-account/ |

بینک کی ویب سائٹیں آپ کی قریب ترین برانچ یا آفس کو بتاتی ہیں اور یہ بھی بتاتی ہیں کہ اکاؤنٹ کھلوانے کے لیے اپائنٹمنٹ کس طرح حاصل کریں۔ بینکوں کے لیے صارفین کے تحفظ کے ایسے ضابطوں کی تعمیل ضروری ہے جو کہ صارفین کو تحفظ عطا کرتے ہیں۔ آپ کا بینک آپ کو ان ضابطوں کی وضاحت کر سکتا ہے۔

# دیگر تعاون دستیاب

سپورٹ فراہم کرنے والے بینکوں کے علاوہ، ایسے خود مختار ادارے موجود ہیں جن سے آپ بینکنگ مصنوعات اور سپورٹ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

## مسابقت اور صارف کے تحفظ کا کمیشن (Competition and Consumer Protection Commission, CCPC)

CCPC صارفین کو درج ذیل کے بارے میں آزادانہ معلومات فراہم کرتا ہے:

- ان کے حقوق
- پرسنل فائنانس
- پروڈکٹ سیفٹی۔

وہ یہ کام درج ذیل کے ذریعہ کرتے ہیں:

- ایک صارف ہیلپ لائن
- ان کی ویب سائٹ
- عوامی بیداری مہم
- مالی بیداری کی پہل۔

CCPC پیش کی جانے والی بینکنگ مصنوعات کی ایک تفصیل فراہم کرتا ہے۔ وہ ذیل کا موازنہ کرتے ہیں:

- بنیادی خصوصیات
- فیس
- بینک چارجز۔

CCPC اپنے پرسنل اکاؤنٹ کے موازنہ کے صفحہ پر ایک ٹول فراہم کرتا ہے جس کا استعمال آپ بیسک بینک اکاؤنٹس کا موازنہ کرنے کے لیے کر سکتے ہیں۔ آپ اسے یہاں حاصل کر سکتے ہیں:

https://www.ccpc.ie/consumers/money-tools/current-account-comparison/

https://www.ccpc.ie

## سٹیزنس انفارمیشن بورڈ

سٹیزنس انفارمیشن بورڈ ایک قانونی باڈی ہے جو کہ وسیع پیمانے پر عوامی اور سماجی خدمات سے متعلق معلومات، مشورے اور اعانت فراہم کرتا ہے۔ اس کی ویب سائٹ پر آئرلینڈ میں خدمات سے متعلق بہت ساری معلومات موجود ہیں:

www.citizensinformation.ie

سٹیزنس انفارمیشن بورڈ، سٹیزنس انفارمیشن سنٹرز اور سٹیزنس انفارمیشن فون سروس کے نیٹورک کو بھی سپورٹ کرتا ہے:

0818 07 4000

http://www.citizensinformationboard.ie/

## MABS، منی ایڈوائس اور بجٹنگ سروس

MABS کو بھی سٹیزنس انفارمیشن بورڈ کا تعاون حاصل ہے۔ MABS لوگوں کی 25 برس سے زائد عرصے سے قرض کے مسئلے سے نمٹنے میں مدد کرتی چلی آ رہی ہے۔

آپ اپنی رقم کا نظم کرنے اور قرضے پر قابو پانے میں اپنی مدد کے لیے MABS سے غیر جانبدارانہ مشورہ حاصل کر سکتے ہیں۔ وہ تعاون فراہم کرتے ہیں:

آن لائن

فون پر

رو برو۔

MABS مفت، خفیہ اور آزادانہ ہے۔

فون نمبر: 0818 07 2000

https://mabs.ie/

**مالی خدمات اور پنشن احتساب کار (Financial Services and Pensions Ombudsman, FSPO)**

FSPO ان لوگوں کو ایک مفت خدمت فراہم کرتا ہے جو اپنے بینک سے کوئی شکایت کرتے ہیں لیکن وہ اس کارروائی کے نتیجہ سے ناخوش ہوتے ہیں۔

https://www.fspo.ie/

# آئرش بینکنگ کلچر بورڈ کے بارے میں

**آئرش بینکنگ کلچر بورڈ**

اس بورڈ کو ایک آزاد انڈسٹری کی پہل کے طور پر قائم کیا گیا تھا۔ آئرلینڈ میں چلنے والے ان ریٹیل بینکوں کا اسے مکمل مالی تعاون حاصل ہے:

- الائڈ آئرش بینکس
- بینک آف آئرلینڈ
- پرمانںٹ TSB

اس کا ہدف طرز عمل اور مجموعی ثقافت میں تبدیلی کا مظاہرہ کرکے بینک کاری کے شعبہ میں اعتماد بحال کرنا ہے۔

https://www.irishbankingcultureboard.ie/

**Urdu**

**Irish Banking Culture Board** |
38/39 Lower Baggot Street, Dublin 2 |
www.irishbankingcultureboard.ie

IBCB